<u>**چیدہ چیدہ شرائط وضوابط برائے ٹھیکہ ٹرانسپورٹ سٹینڈ اولندر**</u>

<u>**تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری شانگلہ برائے عرصہ ایک سال**</u>

<u>**یعنی از یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026**</u>

1) ٹھیکہ کی میعاد برائے عرصہ ایک سال ہوگی یعنی از یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026۔

2) بولی میں حصہ لینے والہ ٹھیکہ دار مبلغ /40237 روپے بصورت بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری جمع کریگا جو کہ ناکام بولی دہندہ کو بعد اختتام بولی واپس کیا جائے گا۔ مجاز اتھارٹی کی طرف سے زیادہ بولی منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکہ دار تین دن کے اندر اندر کل زر یع ٹھیکہ کا 5 فیصد بطور سیکورٹی اور 15 فیصد بطور ایڈوانس جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں زر یع بیعانہ بحق تحصیل میونسپل الپوری ضبط کیا جائے گا۔

3) کامیاب بولی دہندہ کا 5 فیصد سکیورٹی 30 جون 2026 تک تحصیل میونسپل ایڈمنسٹرشن الپوری کے پاس بطور سکیورٹی جمع رہے گا جو کہ مکمل حساب کتاب کے بعد واپس کیا جائے گا۔ جب کہ ٹھیکہ دار کا 15 فیصد ایڈوانس اخری اقساط میں مجرا کیا جائے گا۔

4) ٹھیکہ دار ٹھیکہ کا کل رقم 11 مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا اور پہلا قسط ماہ جولائی 2025 کے اخری تاریخ تک جمع کریگا۔ اس طرح ٹھیکہ دار ہر ماہوار قسط ہر مہینے کی اخری تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ مہینے کی اخری تاریخ تک قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکہ دار پر 2 فیصد یومیہ کی حساب سے جرمانہ عائد کیا جائے گا اور یہ رعایت مہینے کی 10 تاریخ تک ہوگی۔ 10 تاریخ تک قسط بمع جرمانہ جمع نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکہ دار کے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکہ دوباہ نیلام کیا جائے گا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکہ دار کے منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے پوری کی جائے گی۔

5) ٹھیکہ دار ہر ماہوار قسط بصورت نقد / کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ داخل کریگا بینک چیک نا قابل قبول ہوگا۔

6) وہ حضرات جن کے زمے حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کے بقایاجات ہو یا حکومت نے بلیک لیسٹ قرار دیا ہو وہ / ان کا نمائیندہ / رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

7) ٹھیکہ قطعی نا قابل انتقال ہے اگر ٹھیکہ دار خود وقت مقررہ سے پہلے ٹھیکہ چھوڑتا ہے یا ٹھیکہ چلانے میں دلچسپی نہ رکھتا ہو تو ایسی صورت میں ٹھیکہ دار کے جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکہ دار کے منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے پوری کی جائے گی۔

8) ٹھیکہ دار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کو دو معزز و معتبر صاحب جائیداد مقامی اشخاص کا ضمانت دیگا۔ جن کے جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کے برابر ہو جو کہ باقاعدہ درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔

9) قدرتی افات ہڑتال اور دیگر کسی بھی بحران کی صورت مین ٹھیکدار کسی قسم کی رعایت مستحق نہ ہوگا۔

10) تحصیل میونسپل افیسر و تحصیل افیسر ریگولیشن اور دیگر مجاز افسران ٹھیکہ دار کے حسابات کے جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔

11) ٹھیکہ دار حکومت کے وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس جو کہ حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے عائد ہو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

12) حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری جب چاہے ٹھیکہ واپس لے سکتا ہیں۔

13) اگر فریقین کے درمیان کسی وجہ سے تنازع پیدا ہو جائے تو ایسی صورت میں سیکریٹری لوکل گورنمنٹ صوبہ خیبر پختونخواہ کا ثالثی فیصلہ حتمی ہوگا اور اسی دوران ٹھیکہ دار باقاعدہ ماہانہ اقساط تاریخ مقررہ پر داخل فنڈ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کریگا۔

14) وہ حضرات جنہوں نے سال 26-2025 کے لئے رجسٹریشن کرایا ہو بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

15) جنرل بس سٹینڈ میں گاڑیاں پہلے او پہلے جاؤ کی بنیاد پر چلے گی ٹھیکہ دار اس میں دخل مداخلت یا رکاوٹ پیدا نہیں کریگا اور نہیں اپنے اپنی طرف سے کوئی طریقہ کار بنائیگا۔

16) ٹھیکہ دار یا سٹینڈ ز میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کی اجازت کے بغیر اپنی مرضی پر کسی قسم کی رد و بدل نہیں کر سکتا۔

17) جنرل بس سٹینڈ میں ہر مقام کے لئے گاڑی کی نوعیت کے مطابق ایک سٹینڈ مقرر ہوگا جس کا تعین تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کریگا۔ ٹھیکہ دار کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ اس میں اضافہ کرے یا علیحدہ سٹینڈ قائم کریں۔

18) زیر دستخطی / مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بھی بولی مسترد کردے۔

19) ٹھیکہ دار ٹھیکہ کی حدودات میں سکیورٹی کی پیش نظر حفاظتی انتظامات کرنے کا پابند ہوگا۔

20) ٹھیکہ کی سلسلے میں حکومت کی طرف سے جو بھی ہدایات موصول ہوئے تو بولی دہندہ گان / کامیاب بولی دہندہ گان اس کے پابند ہونگیں۔

21) اگر بدوران ٹھیکہ یا منظوری سے پہلے حکومت / صوبائی حکومت نے جنرل بس سٹینڈ زیا ٹھیکہ کے متعلق جو بھی احکامات، ہدایات جاری کی تو ٹھیکہ دار اس کا پابند ہوگا اور اسی صورت میں ٹھیکہ دار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا۔

22) ٹھیکہ دار منظور شدہ شیڈول پر وصولی کریگا۔ زیادہ وصولی کی صورت میں ٹھیکہ دار سے گیارہ گنا بطور جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ اگر ٹھیکدار بار بار زیادہ وصولی کرتا ہوا پایا گیا تو مجاز اتھارٹی کی منظوری سے ٹھیکہ منسوخ کر کے ٹھیکہ دار کے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری ضبط کیا جائے گا۔

23) ٹھیکہ دار پر لازم ہوگا کہ وہ (بجٹ میں منظور شدہ) سٹاف کی ماہوار تنخواہ مہنگائی الاؤنس و علاج معالجے کا خرچ وغیرہ غرض جو بھی مراعات حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کی طرف سے سٹاف کو حاصل ہونگے۔ ٹھیکہ دار ہر ماہ کے احتتام سے تین دن پہلے ادا کریگا۔

24) ٹھیکہ دار اپنے ایجنٹ مقرر کرنے کیلئے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کا مجاز اتھارٹی سے منظور لینے کا پابند ہوگا۔

25) آڈہ ٹیکس کے اصولی کے ہر پوسٹ پر ایک رجسٹر شکایات رکھا جائیگا۔ جسکی صفحات باقاعدہ آفیسر مجاز سے تصدق شدہ / دستخط شدہ ہونگے۔ آفیسر مجاز جس میں اسکے مطابق بدوران معائینہ اپنے تاثرات قلمبند کریگا۔ شکایت کنندہ کے مطالبہ پر پوسٹ انچارج شکایت کی نقل دینے کا پابند ہوگا ٹھیکدار اس پر کسی قسم کا اعترض نہیں کریگا۔

26) ٹھیکدار فیس وصولی کیلیے باقاعدہ رسیدات جاری کریگا اور اسکا باقاعدہ حساب رکھے گا۔

27) تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری کے حدود سے چلنے والی گاڑیاں فیس دینے کے پابند ہونگے۔ چاہیے وہ آڈہ استعمال کریں یا نہ کریں البتہ سپیشل بک شدہ گاڑیاں جو کہ دیگر اضلاع سے کسی خاص موقع پر حدود میں داخل ہوا اور آڈہ استعمال نہ کریں۔ اس سے فیس نہیں لی جائیگی۔

28) اگر فیس دہندہ بغرض چوری فیس ادا نہ کرے تو ایسی صورت میں ٹھیکہ دار فیس دہندہ سے گیارہ گنا بطور جرمانہ وصول کرے گا۔

29) ٹھیکہ دار صوبائی حکومت کی طرف سے جاری شدہ شرائط وضوابط بروئے چھٹی نمبر NO.AOII/LCB/6-11/2022 مورخہ 28/03/2025 کا پابند ہوگا۔

30) ٹھیکہ دار کو حدود اڈہ میں کسی قسم کی تعمیر مثلاً دوکان، چھپر وغیرہ بنانے کی اجازت نہ ہوگی نیز ٹھیکہ دار ٹیلی فون بل، بجلی بل دفتر وغیرہ کی کرایہ کا خود ذمہ دار ہوگا۔

31) حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن الپوری اس کوشش میں ہے کہ جنرل بس سٹینڈ زکسی موزون جگہ کو تبدیل کریں اگر بدوران ٹھیکہ جنرل بس سٹینڈ زکسی اور جگہ منتقل کیا گیا تو ٹھیکہ دار کسی قسم کی کلیم کا حقدار نہ ہوگا اور نہ اس میں مداخلت کرے گا۔